## 8884 ـ ریشم پر مہر لکھنا

**سوال**

بڑے بڑے مالدارلوگوں میں یہ عادت ہے کہ وہ مہر خالص ریشمی کپڑے پر لکھتے ہیں کیا ایسا کرنا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

الحمدللہ

ایسا کرنا جائز نہیں کیونکہ مردوں کے لیے ریشم لباس یا کسی اورچیز میں استعمال کرنا جائز نہیں ، بلکہ اس کا پہننا صرف عورتوں کے لیے جائز ہے ، اورمہر کا لکھنا مردوں کے استعال میں ہے اس لیے یہ حرام ہوگا ۔

اکثریت کے عمل کونہیں دیکھا جائے گااور نہ ہی یہ دیکھا جائے کہ اس عمل کودیکھنے والے تو بہت زیادہ ہیں لیکن اس سے روکنے والے کم ، اس لیے کہ یہ بھی باقی حرام چیزوں کی طرح ہی ہے جن پر عادتا لوگ عمل کرتے رہتے ہیں اس سے یہ جائز نہیں ہوگا ۔

ہمارے اصحاب نے ریشم پر مہر لکھنے کو صراحتا حرام کہا ہے ، واللہ تعالی اعلم ۔ .